سبق نمبر 41

[redacted]

گروپ کے راہنما، شاگرد بنانے کے اس سبق کیلئے دُعا کریں اور اس گروپ کو خدا کے حوالے کریں۔

[redacted]

موضوع: خدا کی تعریف میں پرستش

اس سبق میں ہم خدا کی تعریف میں پرستش کے تجربے کے متعلق سیکھیں گے۔

پڑھیں، مکاشفہ 4:1-11۔

یوحنا رویا میں آسمان پر ایک تخت دیکھتا ہے۔ یہ اس قدر زبردست منظر صورت ہے کہ اسکے پاس بیان کرنے کے لئے الفاظ نہیں ہیں۔

1- تخت

یوحنا آسمان پر خدا کا تخت دیکھتا ہے (4:2)۔ یہ زمین، سورج یا کوئی اور مجمع نہیں ہو بلکہ ایک زندہ چیز کا مرکز ہے بلکہ یہ اپنے تخت پر بیٹھا ہوا خدا ہے۔ کائنات میں اور اس دُنیا کی تاریخ کے دوران جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ حکمرانوں یا طاقتوں، دولت مندوں، دانشوروں، ذرائع ابلاغ یا اس زمین کے اختیار میں نہیں۔ خدا اپنے تخت پر سے ہر چیز پر اختیار رکھتا ہے۔ ہر چیز خدا ہی نے بنائی ہے کیونکہ وہ بنانا چاہتا تھا (مکاشفہ 4:11)۔ اس نے آپ کو بنایا کیونکہ وہ چاہتا تھا کہ آپ وجود میں آئیں (یسعیاہ 43:7، کلسیوں 1:16)۔ خدا کی اعلیٰ حکمرانی سے کوئی چیز باہر نہیں (یسعیاہ 14:24,27)۔

2- نُور

یوحنا خدا کی صورت نہیں بلکہ نور کا ذکر کرتا ہے (4:3)۔ جو تخت پر بیٹھا ہے وہ سنگ یشب اور عقیق سا دکھائی دیتا ہے اور تخت کے گرد زمرد کی سی ایک دھنک دکھائی دیتی ہے۔

رنگین رنگ:۔

سنگ یشب "بلور کی مانند شفاف" ہوتا ہے (مکاشفہ 21:11)۔ یہ شفاف ہیرے کی اُس قسم ہے جو خدا کے جلال اور پاکیزگی کی روشنی کی علامت ہے۔ عقیق سُرخ ہوتا ہے اور "زندگی" (خون) یا خدا کے کردار کی علامت ہے جیسا کہ یہ عدالت میں اپنے آپ کو ظاہر کرتا ہے۔ جو دھنک دکھائی دیتی ہے بلکہ ہر رنگ کی ہے اور خدا کے کردار کی روشنی کی علامت پیش کرتی ہے کہ اس طرح یہ اپنے آپ کو لاتبدیل وفاداری (پیدائش 9:12-17، حزقی ایل 1:28)

اور نجات میں ظاہر کرتی ہے۔

تین رنگوں کا پیغام:۔

مکاشفہ کا پیغام نئے عہدنامہ کے دَور میں خدا کے لوگوں کے لئے ہے۔ خدا کے جلالی اور پاک کردار (صاف شفاف رنگ) میں خدا کا جلال سب شریروں کے خلاف حقارت آمیز (سرخ رنگ) اور نجات میں اس کی محبت سے بھرپور وفاداری ان کے لئے جو اس پر بھروسہ رکھتے ہیں (سبز رنگ) الگ الگ نہیں ہو سکتے۔ خدا کے لوگ جو یسوع مسیح پر ایمان رکھتے ہیں ان کے لئے اس کی عدالت کا طوفان ختم ہو چکا ہے۔ جو یسوع مسیح میں ہیں انکے لئے ملائکت یا سزا کا حکم نہیں ہے (رومیوں 8:1)۔ یسوع مسیح کے مکمل کردہ نجات کے کام کے وسیلہ سے نجات کے بارے خدا کا وفادار وعدہ یعنی وظیفہ ہمیشہ کے لئے چمکتی ہے (رومیوں 5:1)۔ خدا کے کردار کے یہ تین پہلو خدا کے تخت سے چمکتے ہیں۔ خدا اپنے تخت سے جلالی پاکیزگی میں راست عدالت اور وفادار نجات کے ساتھ حکومت کرتا ہے۔

بجلیاں اور گرجیں:۔

اور اس تخت میں سے بجلیاں اور آوازیں اور گرجیں پیدا ہوتی ہیں (4:5)۔ نظر سے کا یہ واقعہ لوگوں میں خوف اور ہیبت پیدا کرتا ہے۔ یہ خدا کی عظمت اور برتری کی نشانیاں ہیں جب بھی وہ اپنی مرضی کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ تب ہوا تھا جب اس نے دس احکام دئے تھے (خروج 19:16;20:18)۔ جب اس نے ایوب پر اپنی مرضی ظاہر کی (ایوب 37:2-7,13b)۔ جب اس نے یوحنا پر اپنی اعلیٰ نگرانی ظاہر کی (مکاشفہ 4:5) اور جب اس نے اپنی راست عدالت ظاہر کی (ایوب 37:8-13a؛ مکاشفہ 8:5,11:19;16:18)۔

3- تثلیث

یوحنا روح القدس کی معموری دیکھتا ہے۔ اس کی علامت تخت کے سامنے جلنے والے سات چراغ پیش کرتے ہیں (مکاشفہ 4:5) اور وہ یسوع مسیح کو دیکھتا ہے اس کی علامت ذبح کیا ہوا برہ ہے جو تخت کے بیچ میں کھڑا ہے (مکاشفہ 4:6)۔ ایک خدا جو اپنے آپ کو تین اندرونی امتیازات میں ظاہر کرتا ہے آسمانی تخت پر بیٹھا ہے۔ وہ اپنے آپ کو بطور خدا باپ ظاہر کرتا ہے جو حکم جاری کرتا ہے۔ وہ اپنے آپ کو بطور خدا بیٹا ظاہر کرتا ہے جو خدا ہے جس نے خدا کے حکم کو پورا کرنے کے لئے انسانی تاریخ میں انسانی جسم اختیار کیا۔ وہ اپنے آپ کو بطور خدا روح القدس ظاہر کرتا ہے جو زمین پر خدا کے لوگوں کے درمیان رہ کر ان کی زندگیوں میں خدا کے احکام پر عمل درآمد کراتا ہے۔ مکاشفہ 1:4-5 سے موازنہ کریں۔

4- چار جاندار

یوحنا خدا کے تخت کے گرد چار جاندار دیکھتا ہے (مکاشفہ 4:6-9)۔ یہ آسمانی ہستیاں ہیں جو تخلیق کائنات کو اس کے سب زندہ ہستیوں کے ساتھ پیش کرتی ہیں۔ مخلوق خدا کی نجات کی تاریخ کی تماشگاہ ہے۔ چار جانداروں کا کام ساری تاریخ کے اندر خدا کی تعمیر انی میں اس کو جلال دینا ہے (مکاشفہ 4:8)۔

5- چوبیس بزرگ

یوحنا 24 بزرگ دیکھتا ہے جو خدا کے تخت کے گرد بیٹھے ہیں (مکاشفہ 4:4;21:12-14)۔ یہ آسمان پر فرشتوں کی بلند ترین ترتیبوں میں سے ایک ہے جو

پرانے عہدنامہ کے دَور میں خدا کے لوگوں (بارہ قبیلوں) اور نئے عہدنامہ کے دَور میں خدا کے لوگوں (بارہ رسولوں) کو پیش کرتے ہیں۔ نجات اس مخلوق میں واقع ہوتی ہے۔ 24 بزرگوں کا کام اس مخلوق میں خدا کو جلال دینا ہے (مکاشفہ 4:11)۔

6- <u>شیشہ کا سمندر</u>

پیتل کا سمندر

پرانے عہدنامہ میں پیتل کا سمندر سوختنی قربانی کے مذبح اور خیمہ کے درمیان کھڑا پانی کا حوض تھا۔ پرانے عہدنامہ کے کاہن مذبح کے پاس جانے یا خیمہ میں داخل ہونے سے پہلے اپنے ہاتھ اور پاؤں دھوتے تھے (خروج 30:18-21- 1 سلاطین 7:23-26)۔

نئے عہدنامہ میں (مکاشفہ 4:6) شیشہ کا سمندر بلور کی مانند شفاف مسیح کے خون کی علامت ہے جس میں ایماندار قانونی طور پر اپنے جامے دھو کر سفید کرتے ہیں (7:14)۔ چنانچہ یہ یسوع مسیح کے مرنے اور جی اٹھنے کے وسیلہ سے خدا کی راست اور شفاف نجات کی علامت پیش کرتے ہیں جس کے ذریعے لوگ اس تک پہنچ سکتے ہیں اور اس کی نئے عہدنامہ کی قوم (خیمہ) میں داخل ہو سکتے ہیں۔ چنانچہ مکاشفہ 4:6a میں بلور کی مانند شفاف شیشہ کا سمندر خدا کی نجات کی علامت ہے۔ خدا کی حکومت سب قوموں میں سے لوگوں کو نجات کی طرف لے جاتی ہے تاکہ وہ کامل اطمینان میں اور آسمان پر خدا کے سامنے ہم آہنگی سے رہ سکیں (رومیوں 5:1)۔

بحرِ قلزم (سرخ سمندر)

پرانے عہدنامہ میں موسیٰ اور اسرائیلی بحرِ قلزم پر کھڑے تھے جب خدا نے فرعون اور اس کی فوج کو بحرِ قلزم میں غرق کر دیا تھا (خروج 14:19-24; 21:13-22) اس نے مصری فوج کو الجھن میں ڈال دیا تھا اور ان کو سمندر میں بہا دیا تھا۔ سمندر کا پانی (سیلابی کی طرح) واپس اپنی جگہ پر آ گیا اور ان دشمنوں کو نگل گیا۔ ان میں سے ایک بھی نہ بچا۔

نیا عہدنامہ (مکاشفہ 15:2-4)۔ میں یوحنا نے شیشہ کی طرح شفاف سمندر کو آگ کے ساتھ ملا ہوا خدا کے تخت کے سامنے پھیلا ہوا دیکھا۔ یہ اس جگہ کی علامت پیش کرتا ہے جہاں خدا حیوان کے سب پیروکاروں کی آخری عدالت کریگا جنہوں نے نئے عہدنامہ میں خدا کے لوگوں کو ستایا تھا۔ بے دین اور دنیا کے شریر لوگ ہمیشہ کے لئے ہلاک ہو جائیں گے اور خدا کے شیشہ کے سمندر میں ڈوب جائیں گے۔ چنانچہ مکاشفہ 15:2-4 میں شیشہ کا سمندر (جس میں آگ ملی ہوئی تھی) خدا کی عدالت کی علامت پیش کرتا ہے۔

"آگ" خدا کے پاک اور راست غصہ کی علامت ہے جس کے ذریعے اس نے گناہ کے خلاف اپنی آخری عدالت لگائی تھی۔ "شیشہ" اس بات کی علامت ہے کہ اس کے پاک اور راست غصہ نے جو سزا دی وہ بالکل صاف اور شفاف تھی۔ جب خدا زمین کے بے دین اور شریر لوگوں کو سزا دینا چکا تو عدالت میں اس کی بے داغ پاکیزگی اور راستبازی باقی رہ جاتی ہے اور ہر کسی کے لئے ظہور میں آ جاتی ہے۔ کوئی چیز بھی پوشیدہ یا قابل سوال نہ رہے گی "اس کے انصاف کے کام ظاہر ہو گئے ہیں" (15:4) اور سب نے ان کو دیکھا اور ضرور ہے کہ سب اقرار کریں۔ کوئی بھی بدکار یا ناپاک چیز خدا کے سامنے ٹھہر نہیں سکتی (21:8,27)۔ خدا ہر چیز کو دیکھتا ہے (عبرانیوں 4:13)۔

7- <u>عالمگیر پرستش</u>

یوحنا دیکھتا ہے کہ چار جاندار کس طرح خدا کی پاکیزگی کی مسلسل تعریف اور حمد کرتے ہیں (مکاشفہ 4:8) اور وہ دیکھتا ہے کہ کس طرح 24 بزرگ اپنے آپ کو خدا کے تخت کے سامنے پرستش، تعریف اور حمد کے لئے گراتے ہیں (مکاشفہ 4:10-11;15:11)۔ خدا کے ابدی منصوبہ میں اس کا مقصد ہے کہ روحانی اور تخلیقی دنیا میں ہر چیز خدا کی پرستش کرے۔

پرستش۔ خدا کے تخت کے گرد بڑی بھیڑ کے حصہ کے طور پر آیئے ہم بھی ہر چیز اور ہر شخص پر اس کی حاکمیت اعلیٰ کی تعریف اور حمد کے ذریعے اس کی پرستش کریں۔

[redacted]

بائبل کی ابتدائی عبارت (2- سموئیل 15,17,18 اور 22) میں خدا کے ساتھ شخصی وقت کے دوران آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اس کو باری باری بیان کریں (یا اپنے نوٹس میں سے پڑھیں۔ بیان کرنے والے شخص کو سنجیدگی سے سنیں اور قبول کریں اور جو کچھ وہ بولتا ہے اس پر بحث نہ کریں)۔

[redacted]

یہ مطالعہ خدا کی مرضی کے مطابق ماں باپ یا فرزند بننے کی نیک خواہش کا نتیجہ ہے۔
عملی اطلاقات صرف تجاویز ہیں جس پر آپ اپنے معاشرہ میں دعا کے ساتھ غور کر سکتے ہیں۔

A: بچوں کے حق میں ماں باپ کے فرائض

1- <u>شادی میں ماں باپ کی ذمہ داریاں</u>

پڑھیں، انسیوں 5:22-33؛ کلسیوں 3:18-19؛ یوحنا 13:34-35)۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ خدا شوہر اور بیوی پر کون کون سی ذمہ داریاں عائد کرتا ہے؟

نوٹس۔ شوہر اور بیوی کو چاہئے کہ خصوصی طور پر ایک دوسرے کے ساتھ تعلق میں نمونہ بن کر رہیں۔ چاہئے کہ ان کا ایک دوسرے کے ساتھ جو رشتہ ہے وہ ان کے بچے کو شوہر کے اختیار کے متعلق تعلیم دے کہ وہ اپنی بیوی سے اس طرح محبت رکھتا ہے جس طرح مسیح کلیسیا سے رکھتا ہے اور اس کی روشنی کو بیوی کے اختیار کے مساوی بنانے کہ اپنے شوہر کی اس طرح اچھی مددگار بنے جیسے مسیح کی۔ بے شک انہیں دوسروں کے ساتھ تعلق میں بھی نمونہ ہونا چاہئے جس میں ان کے بچے بھی شامل ہیں۔

2- **<u>بطور والدین ماں باپ کی ذمہ داریاں</u>**

پڑھیں افسیوں 6:4؛ کلسیوں 1:3:21- تمتھیس 5-3:4؛ ططس 1:6 ططس 5-2:4 ۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ خدا ماں باپ پر کون کونسی ذمہ داریاں عائد کرتا ہے؟

نوٹس:

باپ

اے اولاد والو! اپنے فرزندوں کو دق نہ کرو۔

خداوند کی طرف سے تربیت اور نصیحت دے دے کر ان کی پرورش کرو۔

اپنے گھر کا بندوبست بخوبی کرو۔

اپنے بچوں کو تربیت دو کہ آپ کی بیوی کی واجب عزت کے ساتھ فرمانبرداری کریں۔

ماں

اپنے بچوں سے پیار کر

اپنے گھر میں مصروف رہ

اپنا مزاج ایسا نہ بننے دو کہ لوگوں کے لئے خدا کے کلام کی حقارت کا سبب بنا جائے۔

B: اَے اولاد والو! اپنے فرزندوں کو دِق نہ کرو

تعلیم۔ خدا ایک باپ کے خاندان کے سربراہ کے طور پر بات کرتا ہے۔

پس، ماں کو یہ ذمہ داری پوری کرنے میں باپ کی مدد کرنی چاہئے (زبور 2:18)۔

دِق کرنا:۔

دِق کرنے کا مطلب ہے بے دل کرنا۔ اپنے متعلق ان کے ردِعمل کو دیکھنے سے آپ جان سکتے ہیں کہ آپ نے اپنے فرزندوں کو دِق کیا یا ان کو بے دل کیا ہے۔ مثال کے طور پر جب بچے بے دل، ناراض یا پریشان ہو جائیں یا جب وہ اپنے ماں باپ کو چھوڑ دیں تو ہو سکتا ہے کہ وہ بیدل ہوں، ردِعمل اشارہ ہوتا ہے کہ آپ کو اپنے بچوں کے معاملہ میں اپنی سوچ تبدیل کرنی ہوگی۔

عزت:۔

آپ اپنے بچوں کو عزت کس طرح دے سکتے ہیں؟ اپنے بچوں کو اجازت دینے سے:

- جس وقت ان کو ٹھوکر کھانے ترقی کرنے اور غلطیاں کرنے کی ضرورت ہے
- ذمہ داری اور جوابدہی قائم کرنے سے

- ان کی ٹائملینوں کو بڑھنے دینے سے
- مضبوط تعلقات قائم کرنے سے

1- <u>اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو ذمہ داری اور جوابدہی میں ترقی کرنے دیں۔</u>

a- ماں باپ کا کام

بطور ماں باپ ظاہری مقصد صرف بچوں کو خوش رکھنا ہی نہیں بلکہ ذمہ دار بالغ بنانا ہے۔

تبادلہ خیال کریں۔ اگر آپ کا مقصد بچوں کو خوش رکھنا ہے تو آپ کے بچے کس طرح کے بنیں گے؟
نوٹس، بگڑ جائیں گے، خود غرض اور خود پسند ہو نگے۔

b- ذمہ داری کی عادت ڈالنا

تبادلہ خیال کریں۔ آپ اپنے بچوں کی ذمہ دار بالغ بننے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں۔

نوٹس، ذمہ دار بالغ اپنی زندگی کے ہر معاملہ کی ذمہ داری بنا سکتے ہیں۔ ذمہ داری اٹھانے کے اہم پہلو ہیں: ان کا رویہ ان کی باتیں اور برتاؤ، ان کی پڑھائی یا ملازمت۔ خاندان میں ان کا کردار، ان کا پیسے کو استعمال کرنا، اکیلے رہنا، دوست بنانا، ساتھیوں کا دباؤ یا دوسروں کے مشورے اور خدا کے ساتھ ان کا تعلق۔

c- ذمہ داری اور جوابدہی اپنانے کے مرحلے۔

تعلیم، بچپن سے لے کر جوانی تک آپ کی سوچ کے پانچ مرحلے ہو سکتے ہیں۔

<u>جب وہ شیر خوار ہیں۔</u> آپ ان کا ہر کام کرتے ہیں۔ بچوں کے لئے سارے فیصلے خود کرتے ہیں اور ان کی ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔ بطور ماں باپ آپ جو کچھ بچوں کے واسطے اور بچوں کے ساتھ کرتے ہیں اس کے لئے 100% خدا کے سامنے ذمہ دار اور جوابدہ ہوتے ہیں۔

<u>جب وہ ننھے بچے ہیں۔</u> ان کے ساتھ مل کر سب کچھ کرتے ہیں۔ بچے کے ساتھ مل کر اس کو کام کرنے کے بہت سے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ سارے فیصلے اور منصوبے بچوں کے ساتھ مل کر بناتے ہیں اور ان کی ضروریات پوری کرتے ہیں۔ جس قدر ممکن ہو بچے کو حقائق، اقدار، عادات اور ہنر سکھاتے ہیں، کام کرنے، معیار قائم کرنے، انصاف، اخلاق اور روحانی اقدار قائم کرنے میں بچوں کے لئے نمونہ بنتے ہیں جس کی پیروی بچہ کر سکے۔ بچے کو دکھائیں کہ آپ نے اپنی زندگی خدا اور اس کے کلام کے تابع کر رکھی ہے اور خدا کے سامنے ذمہ دار اور جوابدہ ہیں۔

<u>جب وہ لڑکپن میں ہیں۔</u> ان کو زیادہ سے زیادہ کام خود کرنے دیں اور ان کی نگرانی کریں۔ لڑکے یا لڑکی کے ساتھ مل کر کام کرنا جاری رکھیں یعنی تمام معاملات میں ان پر ذمہ داری ڈالیں جس میں لڑکا یا لڑکی ذمہ داری لینے کے قابل ہے اور ان کو اپنی ذمہ داری کے لئے جوابدہ رکھیں۔ لڑکے یا لڑکی کو زیادہ آزادی دینے کا مطلب ہے کہ وہ زیادہ ذمہ داری قبول کرتا/کرتی ہے اور جوابدہ ہی رہتا/رکھتی ہے۔ آزادی کا مطلب یہ نہیں کہ لڑکی یا لڑکا جو من میں آئے کرتا

پھر سے اور کسی کے آگے جواب دہ نہ ہو (استثنا 12:8؛ قضاۃ 21:25)۔ لڑکے اور لڑکی کو فیصلہ کرنے اور منصوبہ بنانے، کہنے اور کام کرنے کے بہت سے مواقع دیں لیکن وہ سب کچھ آپ کی نگرانی میں ہو۔ بطور ماں باپ آخری فیصلہ اپنے ہاتھ میں رکھیں اور اس طرح آخری ذمہ داری اور جواب دہی بھی۔

جب وہ نوجوان ہیں۔ ان کو خود سب کچھ کرنے دیں۔ نوجوان پر ذمہ داریاں ڈالیں اور اس سے پوچھ تاچھ کرتے رہیں۔ یقینی بنائیں کہ نوجوان اپنی ذمہ داریوں کو سمجھتا ہے اور جب تک آپ کے گھر میں بطور والدین آپ کے سامنے اور حتمی طور پر خدا کے سامنے اپنی باتوں اور کاموں کے لئے 100% ذمہ دار اور جواب دہ ہے۔

جب وہ پورے بالغ ہیں۔ ان کو پوری آزادی دے دیں۔ بچے جب بالغ عمر کو پہنچ جائیں وہ "بچے" بننا بند کر دیتے ہیں۔ پڑھائی، کام یا شادی کے سلسلے میں ماں باپ کے گھر سے چلے جاتے ہیں۔ پھر خدا فرزندوں کو حکم دیتا ہے کہ وہ اپنے ماں باپ کو چھوڑ دیں اور ان کے ماں باپ ان کو جانے کی پوری اجازت دے دیں (پیدائش 19:5)۔ بالغ اب صرف خدا کے سامنے 100% ذمہ دار اور جواب دہ ہے۔ ماں باپ کے پاس اب بھی اپنے بالغ بچوں کی ذمہ داری ہے: بالغ بچوں سے پیار کرنا، ان کی مدد کرنا، ان کے واسطے دعا کرنا، ان کو صرف اس وقت مشورہ دینا جب وہ مانگیں اور جب وہ کسی خطرہ میں ہوں ان کو تنبیہ کرنا۔

2- اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو اپنے عقائد قائم کرنے دیں۔

a- ماں باپ کا مقصد۔

بطور ماں باپ آپ کا کام بچوں کو اپنے عقائد کے لئے مجبور کرنا نہیں بلکہ ان کو سرگرم کرنا ہے کہ وہ اپنی رغبتیں، عقائد، اقدار اور ترجیحات بنائیں۔

b- رغبتیں بنانا

تاملہ خیال کریں۔ آپ بچوں کی ذاتی رغبتیں بنانے میں کس طرح مدد کر سکتے ہیں؟

نوٹس: جب ماں باپ بچوں سے مسلسل تقاضہ کرتے ہیں کہ وہ ماں باپ کی رغبتوں، عقائد، اقدار، ترجیحات اور کام کرنے کے طریقہ کار کی عمل فرمانبرداری کریں تو وہ ایسا سوب بن جاتے ہیں کہ ان کے بچے اپنی رغبتیں، عقائد، اقدار، ترجیحات اور کام کے طریقہ کار رکھنے والے ذمہ دار بالغ کبھی نہیں بن پاتے۔

c- رغبتیں قائم کرنے کے مرحلے

تعلیم، ایک خاص رغبت بنانے میں ان کی مدد کے لئے آپ کی سوچ کے تین مراحل ہو سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ مل کر بائبل میں سے سچائی دریافت کریں۔ ایماندار وں کے کسی بھی فیصلہ کی حدود بائبل کے اصول مقرر کرتے ہیں۔

ان کو ایک خصوصی عمل اپنانے دیں۔ جب بائبل کا اطلاق ہر گز تبدیل نہیں ہوتا لیکن اس ایک سچائی کے کئی ممکن اطلاقات ہوتے ہیں۔

ان کے ساتھ ان کے فیصلہ کے نتائج پر تاملہ خیال کریں۔ مثال کے طور پر، بائبل لڑکپن والوں کے لباس کے متعلق دو اصول سکھاتی ہے۔ ان کو ایسا لباس

پہنچنا چاہئے جو اخلاقی طور پر قابل قبول ہو (افسیوں 5:5) اور ثقافتی طور پر متوقع کی مناسبت سے ہو (1- کرنتھیوں 33-10:31)۔ ان اخلاقی اور ثقافتی حدود کے ساتھ لڑکوں لڑکیوں کے پاس فیصلہ کا حق ہے۔ وہ خود فیصلہ کریں اور ماں باپ ان کے فیصلہ کے نتائج اور اثرات پر بحث کریں جو دوسروں پر اور خود ان پر پڑ سکتے ہیں۔

3- اپنے بیٹوں اور بیٹیوں کو بالغ جذبات اور تعلقات بنانے دیں۔

a- ماں باپ کا کام

بطور ماں باپ ہمارا کام اپنے بچوں کے ساتھ ہاتھ نہیں بلکہ ایک پختہ تعلق رکھنا چاہئے۔ بطور ماں باپ ہمارا کام صرف آزادی دینا نہیں بلکہ صحت مند باہمی انحصار قائم کرنا ہے۔ مغربی ثقافت انفرادیت سکھاتی ہے اور بائبل باہمی محبت کا درس دیتی ہے۔

ایک پختہ تعلق کی خصوصیت ہے کہ ہر شخص اپنی باتوں اور اعمال کی پوری ذمہ داری رکھتا ہے۔ ہر شخص اپنی شخصی رغبتوں کے مطابق زندگی ظاہر کرتا ہے۔ ہر شخص اپنے جذبات کا اظہار سنجیدگی سے کرتا ہے اور دونوں اشخاص صحت مند باہمی انحصار بناتے ہیں (یعنی ایک دوسرے سے پیار کرتے ہیں)۔

b- پختہ جذبات قائم کرنا

تبادلہ خیال کریں۔ آپ لڑکے یا لڑکی کی مدد کس طرح کر سکتے تا کہ وہ اپنے جذبات کا اظہار سنجیدہ اور پختہ انداز میں کر سکے؟

لوگ کمپن عمر والے مضبوط جذبات رکھتے ہیں اور وہ ان کا اظہار بھی کرتے ہیں۔ اکثر ماں باپ مضبوط جذبات مثلاً غصہ، اکتاہٹ، شور، لڑائی اور رونا وغیرہ کے اظہار کو پسند نہیں کرتے اور ان کو اپنے بچوں میں دبانے کی کوشش کرتے ہیں۔

لوگ کمپن والے حقیقتاً کہنے کی کوشش کرتے ہیں کہ "یہ میں ہوں" "میں دراصل یہ محسوس کرتا ہوں" "جو کچھ میں ہوں مجھے قبول کریں"۔ لوگ کمپن والے عموماً ایماندار تعلقات چاہتے ہیں جبکہ ماں باپ اکثر ایک ہموار تعلق چاہتے ہیں۔

تاہم، اگر لوگ کمپن والوں کے جذبات مسلسل دبائے جاتے رہیں تو پھر وہ اپنے دبے ہوئے جذبات کا اظہار غیر صحتی انداز میں کرتے ہیں یعنی خفا ہونا، جرم کرنا، نشہ آور ادویات اور زنا کاری میں ملوث ہونا یا ہر قسم کے جذباتی مسائل میں مثلاً، چغلی دبانا، کھچے کھچے رہنا، غصہ کو چھپانا، کڑواہٹ اور ہمزاجی۔ چنانچہ، اپنے بچوں کو جذبات کے اظہار کی اجازت دیں، یعنی ان کی مدد کریں کہ مخلص اور پیار بھرے انداز میں خود نسبطی کے ساتھ اپنے جذبات کا اظہار کریں۔

c- پختہ تعلق قائم کرنا

تبادلہ خیال کریں۔ آپ جوان لوگوں کی مدد کس طرح کر سکتے ہیں تا کہ وہ ایک صحت مند باہمی تعلق قائم کر سکیں؟

نوٹس: بائبل ہر ایک ایماندار کو ایک خصوصی خاندان، جماعت اور خصوصی معاشرہ میں جگہ دیتی ہے۔ بائبل کی نظر میں دنیا انفرادیت پر مشتمل نہیں کہ ہر کوئی اپنی راہ کو جاتا ہے بلکہ افراد، خاندان کے ساتھ، ارکان جماعت کے ساتھ اور شہری معاشرہ کے ساتھ۔ بائبل کی نظر میں دنیا کا مطلب ہے کہ ہم سب کو ایک دوسرے کی ضرورت ہے اور ایک دوسرے کی قیمت میں ہمارا ایک تہائی حصہ ہے۔

مثال کے طور پر، ماں باپ اور بچوں کو چاہئے کہ مل کر کام کرنے، ایک دوسرے پر کھلنے، ایک دوسرے سے سیکھنے اور ایک دوسرے کی خدمت کرنے میں ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کریں۔

d- کمزور رشتوں کی رکاوٹیں:

- بعض مائیں اپنے بچوں کو ہمیشہ اپنا محتاج رکھتی ہیں۔
- بعض بالغ بچے اپنے آپ کو ماں باپ کے اختیار اور سایہ سے آزاد کرنے کے لائق نہیں ہوتے۔
- بعض لوگ اپنی مالی مدد کے لئے ماں پر آس رکھتے ہیں۔
- بائبل ہم جنس انحصاری رشتوں یعنی لونڈے بازی اور عورتوں کی آپس ہم جنس پرستی سے منع کرتی ہے۔

C- اَے اولاد والو! خُداوند کی طرف سے تربیت اور نصیحت دے دے کر اُن کی پرورش کرو۔

تعلیم، بچوں کی ماں سے محبت رکھنا اور بچے کی پرورش کرنا ہر باپ کی دو بڑی ذمہ داریاں ہیں۔

- "خداوند کی طرف سے تربیت اور نصیحت دے دے کر ان کی پرورش کرو" کا مطلب ہے اپنے بچوں کو بائبل کی سچائیاں سکھانا
- "خداوند کی طرف سے تربیت اور نصیحت دے دے کر ان کی پرورش کرو" کا مطلب ہے اپنے بچوں کو بائبل کی سچائیوں پر عمل کرنے کی عادت ڈالنا ماں کو بھی چاہئے کہ اس ذمہ داری کو پورا کرنے میں باپ کی مدد کرے (پیدائش 2:18)

1- اپنے بچوں کو اس دُنیا میں اچھے شہری بننے کی تربیت دیں۔

پڑھیں امثال 22:6؛ امثال 13:24؛ امثال 23:24 لوقا 1:2:52- کرنتھیوں 8-13:4۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ نہایت اہم علاقے کون کونسے ہیں جس میں ماں باپ کو چاہئے کہ اپنے بچوں کو تربیت دیں؟

نوٹس۔ آپ ان کو خدا کے مطلوبہ راستہ پر چلنے کی تربیت دینے سے صحت مند قوم تعمیر کر رہے ہیں۔

تربیت کے معنی

تربیت کا سب سے بڑا مطلب ہے:

- سچائی کو عمل میں لانا
- ان کی بار بار حوصلہ افزائی کرنا
- اگر غلط ورتے پائے تو ان کی اصلاح کرنا یا سزا دینا

تربیت کے علاقے

ان کو خصوصی تربیت دیں

- عقلی، جسمانی، روحانی اور سماجی بلوغت کی
- عقلمند بننے کی
- محبت رکھنے کی "محبت" کا مطلب ہے صبر، مہربانی، فاکساری، حلیمی، اچھے ادب و آداب، پرلوث خدمات، پرہیزگاری اور وفائی۔

2- **<u>اپنے بچوں کو خدا کی بادشاہی کے اچھے شہری بننے کی تربیت دیں۔</u>**

پڑھیں، امثال 14:26 اور 20:7؛ استثنا 6:4-9۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔

اس مثال کی اہمیت کیا ہے جو ماں باپ قائم کرتے ہیں؟

تربیت میں بائبل کی اہمیت کیا ہے؟

D: ماں باپ کے حق میں بچوں کی ذمہ داریاں

ماں باپ کے حق میں بچوں کی ذمہ داریاں کون کون سی ہیں؟ بچوں کو جاننا چاہئے کہ ان کے ماں باپ اگرچہ کامل نہیں لیکن قیمتی ہیں۔ ماں باپ اپنے بچوں سے پیار کریں اور ان کو اچھے ماں باپ بننے کے لئے بچوں کے تعاون کی ضرورت ہے۔

پڑھیں، افسیوں 6:1-3؛ کلسیوں 3:20؛ امثال 23:22-25۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ وہ خصوصی ذمہ داریاں کون کونسی ہیں جو خدا بچوں پر عائد کرتا ہے؟

نوٹس، یہ وہ ذمہ داریاں ہو سکتی ہیں جو آپ اپنے ماں باپ کو دے سکتے ہیں:

- چھوٹی عمر میں فرمانبرداری۔
- بلوغت میں احترام۔

E- آے فرزندو! خدا وند میں اپنے ماں باپ کے فرمانبردار رہو۔

تعلیم، مندرجہ ذیل تین سچائیوں کا تعلق ماں باپ کی فرمانبرداری سے ہے۔

1- **<u>جو بات بائبل کے خلاف نہیں اُس میں اپنے ماں باپ کی عزت کرو۔</u>**

پڑھیں، لوقا 10:37؛ (مرقس 7:1-13؛ اعمال 1:4:19-20؛ کرنتھیوں 9:19-23)۔

تبادلہ خیال کریں۔ آپ کو کس حالات میں اپنے ماں باپ سے بڑھ کر یسوع مسیح سے محبت رکھنی چاہئے؟

اور کس حالات میں آپ کو اپنے ماں باپ کو خوش رکھنا چاہئے؟

نوٹس، اگر آپ کے ماں باپ کوئی ایسا کام کرنے کو کہتے ہیں جو خدا کی نظر میں بُرا ہے یا مسیح پر ایمان رکھنے کی وجہ سے آپکا خاندان آپ کو ستاتا ہے اور کہتا ہے کہ مسیح کا انکار کرو یا کہتے ہیں کہ تم کسی غیر مسیحی سے شادی کرو تو پھر آپ کو چاہئے کہ نرمی سے اپنے ماں باپ کی بات ماننے سے انکار کر دیں۔ اگر آپ کا خاندان کہتا ہے کہ آپ خاندانی روایات اور رسموں کو مانو جو بائبل کے خلاف ہیں تو پھر آپ کو چاہئے کہ ان چیزوں سے نرمی سے انکار کر دیں۔ تاہم بعض اوقات ایسی اور خاندانی اصول ہیں جن پر آپ کا خاندان چل رہا ہے بائبل کے خلاف نہیں ہوتے۔ ان چیزوں پر عمل کرنا یقیناً آپ کے ماں باپ کو عزت دلائے گا۔

2- **<u>جب تک آپ بچے (چھوٹی عمر) ہیں اپنے ماں باپ کی فرمانبرداری کرتے ہیں۔</u>**

پڑھیں لوقا 2:51 اور مرقس 3:20-21;31-35۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ یسوع کب تک اپنے ماں باپ کا فرمانبردار رہا؟

نوٹس: بائبل نہیں سکھاتی ہے کہ آپ ساری عمر اپنے ماں باپ کے فرمانبردار رہیں۔ صرف اس وقت تک فرمانبرداری کریں جب تک آپ بچے (چھوٹی عمر) ہیں اور بالغ نہیں ہو جاتے۔ بلوغت تب شروع ہوتی ہے جب آپ اپنے ماں باپ کا گھر چھوڑ دیتے ہیں یا جب آپ آئندہ کو اپنے ماں باپ کے محتاج نہیں رہتے یا جب آپ شادی کر لیتے ہیں۔ چنانچہ، ماں باپ کی فرمانبرداری کے وقت کی حد تب تک ہے جب تک آپ بالغ نہیں ہو جاتے۔ تاہم، ماں باپ کے احترام کی کوئی وقتی حد نہیں ہے۔

3- **<u>اپنے ماں باپ کی فرمانبرداری کریں کیونکہ آپ اُن کے فرزند ہیں۔</u>**

"خداوند میں اپنے ماں باپ کی عزت کرو" کا یہ مطلب نہیں کہ آپ صرف اپنے ماں باپ کی عزت اس لئے کرو کیونکہ وہ مسیحی ہیں۔ ان کی عزت اس لئے کرو کیونکہ تم مسیحی ہو

F: اَے فرزندو! اپنے باپ اور اپنی ماں کی عزت کرو

تعلیم: عزت کرنے کا مطلب ہے دل سے احترام کرنا۔ ان کی بات پر کوئی اعتراض، مرضی یا خوف کے بغیر دھیان دینا۔ مندرجہ ذیل مثالوں کا تعلق سب لوگوں، ماں باپ، سسرال اور آسمانی باپ کے ساتھ تعلقات کی ہیں۔ ماں باپ، سسرال اور آسمانی باپ کی عزت یا بے ادبی کے پانچ راستے ہیں۔

1- **<u>اپنے ماں باپ سے تکرار نہ کرنے سے اُن کی عزت کرنا</u>**

جب آپ ان باتوں کے متعلق جو روحانی اہمیت نہیں رکھتیں اپنے ماں باپ سے تکرار کرتے ہیں تو ان کی بے ادبی کرتے ہیں۔
مثال کے طور پر، ان سے تکرار نہ کریں کہ وہ کیسا لباس پہنتے ہیں، کون سا ٹی وی پروگرام دیکھتے ہیں یا کس کو کھانا کا کام کرنا چاہئے۔ تکرار کرنا ماں باپ کو احساس دلانے کے برابر ہے کہ ان کا نظریہ مضحکہ خیز ہے۔

آپ اپنے ماں باپ کی عزت مثبت انداز میں کیسے کر سکتے ہیں؟ اپنا نظریہ باادب طریقے سے بیان کریں اور پھر خدا کو اپنی مرضی سے کام کرنے کا موقع دیں۔ اس طرح آپ اپنا ایمان ظاہر کرتے ہیں کہ خدا ہی ہر حال پر قادر ہے اور جو کچھ آپ کے حق میں بہتر ہے اس کی تکمیل کی قابلیت رکھتا ہے۔

2- **<u>اپنے ماں باپ کی نصیحتوں کو سنجیدگی سے لے کر اُن کی عزت کریں۔</u>**

جب آپ اپنے ماں باپ کی نصیحتوں اور مشوروں پر غور کئے بغیر انہیں رد کر دیتے ہیں تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ اپنے رتبہ کا دفاع کرتے اور ان کو احساس دلاتے ہیں کہ ان کے نظریات قابل غور نہیں ہیں تو آپ ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔

آپ مثبت انداز میں اپنے ماں باپ کی عزت کس طرح کر سکتے ہیں؟ جب بھی آپ کے ماں باپ آپکو نصیحت یا مشورہ دیں تو ان سے سیکھیں۔ جب

آپ کو موقع ملے تو ان کے سالہا سال کے تجربہ اور جمع کی ہوئی عقل سے سیکھیں۔ ان کی قوت، ان کی صلاحیت، ان کے ہنر، علم اور جاننے کے طریقے سیکھیں۔ بعض ماں باپ منصوبہ بندی یا انتظامی، کاروباری اور پیسے بچانے، کمانا بنانے اور کاشتکاری کے علاقوں میں ناقابلیت رکھتے ہیں۔ بعض ماں باپ، راہنمائی، تعلیم و تدریس، مشورت اور خدمت کے علاقوں میں ناقابلیت رکھتے ہیں۔ آپ اپنے ماں باپ سے مشورہ لینے اور ان سے سیکھنے میں ان کی عزت کریں۔

3- اپنے ماں باپ کو اپنی حقیقی زندگی میں شامل کر کے اُن کی عزت کریں۔

جب آپ اپنے ماں باپ کو اپنی سوچ اور اپنے احساسات اور مصروفیات کے بارے کچھ نہیں بتاتے تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ اپنے ماں باپ کو اپنے منصوبے کے بارے نہیں بتاتے یا ان کو موقع نہیں دیتے کہ آپ کے منصوبوں میں شریک ہوں تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ اپنی خوشی اور خوشی سے اپنے ماں باپ کو خارج کر دیتے ہیں تو آپ ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ اپنی حقیقی زندگی اور فیصلوں سے ماں باپ کو علیحدہ رکھنا ان کو بتانے کا طریقہ ہے کہ وہ تعلق رکھنے کے لائق نہیں ہیں۔

آپ مثبت طریقے سے اپنے ماں باپ کی عزت کس طرح کر سکتے ہیں؟ اپنے ماں باپ سے رابطہ رکھیں۔ بعض اوقات یہ مشکل ہوتا ہے لیکن پھر بھی ماں باپ کی عزت کرنے کا ایک بہترین طریقہ ہے ان سے بات کرنے میں پہل کریں۔ ان کو اپنی سرگرمیوں کے بارے بتائیں کہ آپ سکول میں، کام پر، اپنے دوستوں کے ساتھ مل کر اور اپنی کلیسیا میں کیا کرتے ہیں۔ ان کو بتائیں کہ آپ خدا، لوگوں اور دُنیا کے متعلق کیا یقین رکھتے ہیں۔ ان کو اپنی مسیحی رغبتوں کے بارے بتائیں۔ ان کو بتائیں کہ آپ کیا سوچتے ہیں، کیا محسوس کرتے ہیں اور کیا کرنے کا منصوبہ رکھتے ہیں۔ اور اپنے ماں باپ کو اپنے منصوبوں اور فیصلوں میں شامل کرنے سے بھی ان کی عزت کریں۔ اپنے ماں باپ کے تجربہ اور عقل کی قدر کریں اور ان کی مشورت چاہیں۔ اگر آپ کا آخری فیصلہ ان کی خواہش کے خلاف جاتا ہے تو ان کو احساس دلائیں کہ آپ نے ان کی بات سُنی ہے اور ان کے خیالات کو سنجیدگی سے لیا ہے۔

ایک واضح مرحلہ میں والدین کو شامل کرنے سے آپ ان کو ہفتہ بہ ہفتہ اوپر لانے کا موقع حاصل کرتے ہیں کہ آپ کی سوچ کس قدر ترقی کر رہی ہے۔ پھر اگر خدا وری ہو تو وہ آہستہ آہستہ آپ کے آخری فیصلہ کو مان سکتے ہیں اور یہ ان کے لئے دھچکہ نہیں ہوگا۔

4- اپنے ماں باپ کی اور دوسروں کی خدمت کرنے سے ماں باپ کی عزت کریں۔

آپ اپنے ماں باپ کی اس وقت بے عزتی کرتے ہیں جب ان کی مانگ پر ان کی خدمت کرتے ہیں اور اس وقت بھی جب انکی رضامندی سے ان کی خدمت کرتے ہیں۔ آپ امید رکھتے ہیں کہ وہ پہل کریں۔ اگر وہ آپ سے نہ کہیں تو آپ بالکل کچھ نہیں کرتے۔ آپ ان باتوں پر بالکل دھیان نہیں دیتے جو غالباً رضا کارانہ ہوتی ہیں۔ آپ اپنی جوانی میں اپنے ماں باپ کا بوجھ اٹھانے کے لئے استعمال کرنے سے انکار کر دیتے ہیں۔

آپ مثبت طریقے سے اپنے ماں باپ کی عزت کس طرح کر سکتے ہیں؟ اپنے آپ کو دیکھنے کی تربیت دیں کہ آپ کہاں خدمت کر سکتے ہیں۔ کسی دوسرے کو آپ کی مدد کی کہاں ضرورت ہے اور اگر کوئی ایسا کام کر سکتے ہیں جو کوئی دوسرا نہیں کرنا چاہتا یا نہیں کر سکتا۔ خدمت اور مدد میں پہل کریں اور اپنے ماں باپ کے کہنے کا انتظار نہ کریں۔

اپنے رویہ میں ایک نمونہ بنیں۔ گھر میں اپنے بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ اچھے تعلقات بنائے رکھیں۔ گھر میں کسی کے کہے بغیر اپنے حصہ کا کام کریں۔ گھر سے باہر ہوشیار اور ذمہ داری بن کر رہیں۔ اپنی پڑھائی یا ملازمت میں سخت محنت کریں۔ ہوشیار بنیں۔ اس قسم کے دوستوں سے آپ کا تعلق ہے اس قسم کی جگہوں پر آپ جاتے ہیں اور اس قسم کے کام آپ کرتے یا چھوڑتے ہیں وہ اس بات پر گہرا اثر ڈالتے ہیں کہ آپ کے والدین بطور ماں باپ کیا محسوس کرتے ہیں۔

5- اپنے ماں باپ سے محبت کرنے سے اُن کی عزت کریں۔

جب آپ ثقافتی طور پر مطلوبہ انداز میں اپنے ماں باپ سے محبت کا اظہار کرتے ہیں تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ مثلاً ان سے ملنے جانا، ان کو تحفے دینا اور ان کی خواہشات پوری کرنا وغیرہ۔ جب آپ ثقافتی طور پر مطلوبہ فرزندیت کا فرض اُسے رویہ سے یا غیر امتیازی اور غیر شخصی ہوا کے ساتھ نبھاتے ہیں تب بھی ان کی بے عزتی کرتے ہیں جب خاص یا غیر رسمی طور پر کوئی کام کرتے ہیں یعنی بالواسطہ کہتے ہیں "تمہیں تمہاری تعریف کرنا ہوں" تو آپ ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ ان کو بالکل نہیں بتاتے کہ آپ ان کی تعریف یا عزت کرتے ہیں یا انہوں نے ماضی میں آپ کے لئے جو کچھ کیا ہے اس کے لئے فکر گذار ہیں تو آپ ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ ان کی خامیوں پر بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں اور ان کی غلطی پر ناراضگی دیتے ہیں تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ جب آپ ان کی خطا معاف نہیں کرتے بلکہ ان کے ساتھ خفا رہتے ہیں اور ان کو واپس دُکھ دینے کا راستہ ڈھونڈتے رہتے ہیں تو ان کی بے عزتی کرتے ہیں۔ اس قسم کے سبھی اعمال ماں باپ کو بتاتے ہیں کہ آپ ان سے پیار نہیں کرتے ہیں۔

ماں باپ کی بے عزتی ان کو گہرا دُکھ پہنچاتی ہے۔ ماں باپ کی بے عزتی کے مندرجہ بالا راستے آپ کے ماں باپ کو احساس دلاتے ہیں کہ آپ ان کو عزت کے لائق نہیں سمجھتے۔ یہ راستے خاص طور پر اس وقت مؤثر ہوتے ہیں جب آپ کے والدین مسیحی نہیں ہوتے کیونکہ اس قسم کا رویہ کہتا ہے "کیونکہ آپ مسیحی نہیں اس لئے آپ کے مشورے اب ہم مسیحیوں کے لئے قابل قبول نہیں"۔ یا "کیونکہ آپ مسیحی نہیں اب ہمیں آپ سے محبت نہیں رکھ سکتا"۔ جب ایک بیٹا یا بیٹی مسیح سے رجوع کرتا ہے تو بہت سے بے دین ماں باپ شک یا خوف میں مبتلا ہو جاتے ہیں کہ اب ان کا رشتہ اس بیٹے یا بیٹی سے ختم ہو جائیگا۔ ایک بیٹے یا بیٹی کا غیر محبتی عمل صرف ان کے رد کئے جانے اور ناکامی کے احساسات کی تصدیق کریگا۔ ان کا ردعمل نامعقول ہو سکتا ہے لیکن اکثر ماں باپ کے تجربات میں ظاہر ہوتا ہے۔

آپ اپنے ماں باپ کی عزت مثبت طریقے سے کس طرح کر سکتے ہیں؟ سچی مسیحی محبت ثقافتی طور پر مطلوبہ فرزندی محبت سے بہت بڑھ کر ہوتی ہے۔ سچی مسیحی محبت ان کی خامیوں میں صبر کرنے والی ہوتی ہے اور ان کی خطاؤں کو معاف کرتی ہے۔ اپنے ماں باپ کو سمجھنے کی کوشش کریں۔ اس طریقے کو سمجھیں جس سے وہ اپنے ماں باپ کے ساتھ بڑے ہوئے تھے۔ جس مشکلات اور مصیبتوں کا انہوں نے اپنی زندگی میں تجربہ کیا اور تعلق جو وہ اپنے ماں باپ اور دیگر گھر کے افراد کے ساتھ رکھتے تھے۔ پیدہ طرز زندگی، تعلیم، معیار، سچ بولنے اور ایمانداری سے متعلقہ ان کی اقدار کو سمجھیں۔ اصول، رسوم اور مذہبی عقائد جس پر وہ عمل کرتے رہے اور ان باتوں نے ان کی سوچ، احساسات اور رویہ پر کیسا اثر ڈالا، سب چیزوں کو سمجھیں۔ ان باتوں کو سمجھیں کہ وہ مختلف حالات میں کس طرح ردعمل کرتے ہیں مثلاً شادی کے تنازعات، بچوں کی اصلاح، کام کا دباؤ، کسی شخص یا کسی چیز کے کھو جانے پر اور دوسروں کی بے انصافی وغیرہ۔ اور وہ ایسا ردعمل کیوں کرتے ہیں۔ خاص طور پر ان کی غلط فہمی اور خوف کو سمجھیں جو آپ کے مسیحی ہونے کے بعد پیدا ہوا ہے۔

جب آپ مسیحی ہو جاتے ہیں تو عام طور پر ماں باپ خوف زدہ ہو جاتے ہیں کہ آپکا یسوع مسیح کو قبول کرنا منفی اثر ڈالے گا۔ وہ ڈرتے ہیں کہ آپ اپنی

پڑھائی میں غلطی کریں گے آپ اچھی نوکری حاصل کرنے کے لائق نہیں ہوں گے۔ آپ زندگی میں کامیاب نہیں ہوں گے اور آپ بہت کم پیسہ کمائیں گے اور اپنے ماں باپ کی مالی امداد کے لائق نہیں ہو سکیں گے۔ وہ ڈرتے ہیں کہ آپ اپنی ثقافت چھوڑ دیں گے اور ان کے مذہب کے لئے بدنامی کا باعث ہو گئے۔ ان کو عقل مندی سے اپنے مسیحی ایمان کے بارے بتائیں اور دعا کریں کہ یسوع مسیح نے جو کچھ آپ کے لئے کیا ہے اس کے وسیلہ سے آپ زیادہ ذمہ بن گئے ہیں۔

[redacted]

آج آپ نے جو کچھ سیکھا ہے اس کے جواب میں باری باری دعا کریں۔
دو دو یا تین تین کا گروپ بن کر اس کے جواب میں خدا سے دعا کریں جو کچھ آج آپ نے سیکھا ہے۔

[redacted]

(گروپ کے راہنما گروپ کے ممبروں کو گھر پر تیاری کرنے کے لئے کام ایک حصے پر لکھ کر دیں یا انکو دہرانے کے لئے دیں)

1: عہد۔ شاگرد بنانے کا عہد کریں۔
گروپ یا کسی ایک فرد کے ساتھ، ماں باپ اور بچوں کا رشتہ کا مطالعہ کریں۔ منادی کریں، تعلیم دیں یا مطالعہ کریں۔

2: خدا کے ساتھ ذاتی وقت گزارنا۔ کمیاہ 4,8,9 اور 10 کے نصف باب سے ہر روز خدا کیساتھ ذاتی وقت بتائیں۔
پسندیدہ تیاریوں کا طریقہ استعمال کریں، نوٹس بنائیں۔

3: یاددہانی، اگلے سبق کی تیاری گھر پر کریں، انسیوں 6:10-20: موضوع: دنیا میں روحانی جنگ۔ بائبل سٹڈی کا پانچ الگ طریقہ استعمال کریں۔
نوٹس بنائیں۔

4: دعا۔ کسی خاص بندے یا چیز کے لئے خدا سے اس ہفتہ دعا کریں، اور پھر دیکھیں کہ خدا کیا کرتا ہے (زبور 5:3)۔

5: اپنی نوٹ بک کو اپ ڈیٹ کریں۔ نوٹ بک کو شاگرد بنانے کے سلسلے میں اپ ڈیٹ کریں، خدا کے ساتھ اپنے شخصی وقت، یاددہانی کے نوٹس بائبل سٹڈی اور اس تیاری کو بھی شامل کریں۔